بخدمت جناب سیکریٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان، اسلام آباد

26/03/2018

درخواست اعتراضات برخلاف مرتب شدہ حلقہ بندی جنرل الیکشن 2018 صوبہ پنجاب بابت حلقہ جات P.P 258 کل آبادی 357088 تحصیل خان پور اور حلقہ P.P 261 کل آبادی 371634 تحصیل وضلع رحیم یار خان

جناب عالیٰ!

ا۔ یہ کہ سائل پٹوار سرکل ماڑی اللہ بچایا قانونگوئی باغ و بہار تحصیل خان پور ضلع رحیم یار خان ووٹر و سکونتی زمیندار ہے جبکہ یونین کونسل ماڑی اللہ بچایا تین پٹوار سرکل نمبر 1 ماڑی اللہ بچایا، 2۔ مڈ الیاس، 3، مونڈی لاڑ پر مشتمل ہے جن کو ملحقہ حلقہ P.P258 تحصیل خان پور کی بجائے دور دراز حلقہ P.p261 تحصیل رحیم یار خان میں بلا جواز شامل کر دیا گیا۔

۲۔ یہ کہ سائل سابقہ حلقہ P.P289 موجودہ مرتب شدہ P.P258 تحصیل خان پور سے چار الیکشن میں حصہ لے چکا ہے اور جنرل الیکشن 2002 و 2008 میں بطور ممبر صوبائی اسمبلی منتخب ہوا ہے اور جنرل وضمنی الیکشن 2013 میں اسی حلقہ تحصیل خان پور سے الیکشن میں حصہ لیا۔

اعتراضات

ا۔ یہ کہ ترتیب حلقہ بندی P.P258 تحصیل خان پور اور P.P261 تحصیل رحیم یار خان خلاف قانون خلاف واقعیات اور خلاف رولز کی گئی ہے جو شمالاً جنوباً نہ بنائی گئی ہے۔ بلکہ P.P257 تحصیل لیاقت پور کے محلقہ حلقہ تحصیل خان پور کو P.P260 قرار دے کر پہلے مرتب کیا گیا ہے پھر حلقہ P.P258 اور پھر حلقہ P.P259 کو ترتیب دیا گیا بلکہ حلقہ P.P258 مرتب شدہ تحصیل خان پور کے درمیان میں واقع ہے جس کی ملحقہ آبادی 1) پٹوار سرکل ماڑی اللہ بچایا آبادی 10358، 2) پٹوار سرکل مڈ الیاس آبادی 8449، اور نمبر (3) پٹوار سرکل مونڈی لاڑ آبادی 9972. کل آبادی 28779 کو بلاجواز P.P261 تحصیل رحیم یار خان میں شامل کر دیا گیا ہے جبکہ ان پٹوار سرکل کے سرکاری دفاتر پولیس اسٹیشن، واپڈا آفس، ریونیو آفس، انہار آفس وغیرہ تحصیل خان پور میں واقع ہیں اور ان کا جغرافیائی لحاظ سے الحاق P.P261 تحصیل رحیم یار خان سے نہ ہے۔

26/03/2018

ب۔ یہ کہ مرتب شدہ حلقہ بندی P.P258 اور P.P 261، خلاف قانون وانصاف ہے جغرافیائی حدود کو متعلقہ آفیسران و اہلکاران نے رائج الوقت الیکشن ایکٹ 2017 کو مدنظر نہ رکھا ہے اور نہ ہی COMPACTNESS اور HOMOGENLY OF POPULATION کے تقاضے پورے نہ کئے گئے ہیں نیز آبادی کے تناسب کو بھی برقرار نہ رکھا گیا ہے جب کے مرتب شدہ حلقہ P.P258 تحصیل خان پور کی آبادی 357088 اور P.P261 تحصیل رحیم یار خان آبادی 371634 پر مشتمل ہے۔

ج۔ یہ کہ اگر تحصیل خان پور P.P258 کی کچھ آبادی پٹوار سرکل کو حلقہ P.P261 رحیم یار خان میں شامل کیا جانا مقصود تھا تو جغرافیائی حدود اور COMPACTNESS کو مدنظر رکھتے ہوئے پٹوار سرکل نمبر 1، لاٹکی آبادی 7865، نمبر 2 پٹوار سرکل دنیا پور آبادی 7898، نمبر 3 پٹوار سرکل دنیا پور اضافی آبادی 6292، کل آبادی 22995، کو شامل کر دیا جاتا تو اسی طرح سے ہر دو حلقہ جات P.P258 تحصیل خان پور کل آبادی 362912 اور P.P261 رحیم یار خان کی کل آبادی 365810، مساوی ہو جاتی ہے اور دونوں حلقہ جات کی آبادی کا تناسب بھی COMPACTNESS برقرار رہتا ہے۔

د۔ یہ کہ سائل کی برادری و رشتہ داران کو P.P258 تحصیل خان پور میں بدستور شامل رکھا گیا ہے جب کہ سائل و خاندان سائل یونین کونسل ماڑی اللہ بچایا کے تین پٹوار سرکل کو P.P261 رحیم یار خان میں شامل کر دیا گیا ہے جو جغرافیائی لحاظ سے ملحق نہ ہیں یہ کہ بقیہ معروضات زبانی و دستاویزات بوقت سماعت و بحث پیش کئے جائیں گے۔

استدعا ہے کہ موجودہ مرتب شدہ حلقہ بندی P.P261 تحصیل رحیم یار خان میں سے پٹوار سرکل ٹڈالیاس آبادی 8449 نمبر 2، پٹوار سرکل مونڈی لاڑ آبادی 9972، نمبر 3، پٹوار سرکل ماڑی اللہ بچایا آبادی 10358 کل آبادی 28779 کو حذف کر کے ملحقہ حلقہ P.P258 تحصیل خان پور میں شامل کیا جائے ان کی بجائے حلقہ P.P258 تحصیل خان پور سے پٹوار سرکل نمبر 1، لاٹکی آبادی 7865، نمبر 2، دنیا پور آبادی 7898، نمبر 3 پٹوار سرکل دنیا پور آضافی 6292، کل آبادی 22995، کو ملحقہ حلقہ P.P261 تحصیل رحیم یار خان میں شامل کیا جائے جس سے حلقہ جات P.P258 تحصیل خان پور کی آبادی 362912 اور حلقہ P.P261 تحصیل رحیم یار خان کی آبادی 365810 ہو جائے گی اور تناسب آبادی بھی برقرار رہے گا۔ انصاف پروری ہوگی۔

مورخہ: 22-03-2018

العـــــــــــــــــارضـــــــــــــــــ

25104030I
سلسلہ نمبر 72
ماڑی اللہ بچایا

میاں محمد اسلم ایڈووکیٹ ولد میاں نور محمد ذات ارائیں ساکن موضع ماڑی اللہ بچایا تحصیل خان پور ضلع رحیم یار خان

شناختی کارڈ نمبر 31301-1460534-3، موبائل نمبر 0301-8677788 (صوبہ پنجاب)

بذریعہ کونسل نور احمد منصور ایڈووکیٹ اسلام آباد
موبائل نمبر: 0332-5499707

بذریعہ کونسل محمد ناصر فیاض ایڈووکیٹ خان پور
موبائل نمبر 0302-5313422